شریعہ اکیڈمی

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

کے زیر اہتمام

# سہ ماہی تربیتی کورس برائے مفتیان کرام

## آغاز: ۳ نومبر ۲۰۱۴

## کورس کے اغراض و مقاصد:

۱. افتاء اور اجتہاد کے معروف عالمی اداروں کی فقہی کاوشوں، نیز جدید فقہی مسائل اور اہم ملکی قوانین سے متعارف کرانا

۲. مختلف شعبہ جات کے ماہرین اور جید علما کے ساتھ تبادلہ خیال کے مواقع فراہم کرنا

۳. اہم معاصر فقہی مسائل پر تحقیقی مقالہ جات لکھوانا

## اہلیت :

- شہادۃ العالمیۃ اور کسی مستند دارالعلوم سے دو سالہ تخصص فی الافتاء کی سند

یا

- شہادۃ العالمیۃ اور دارالافتاء میں کام کا کم از کم تین سالہ تجربہ کا سرٹیفکیٹ

## درخواست کا طریقہ :

تمام درخواستیں مورخہ ۱۵ اکتوبر ۲۰۱۴ تک مجوزہ فارم پرضروری دستاویزات (شہادۃ العالمیہ اور تخصص کی سند یا تجربہ کا سرٹیفکیٹ) کے ہمراہ مندرجہ ذیل پتہ پر ارسال کی جائیں۔

نوٹ: شرکاء کورس کے قیام و طعام کی ذمہ داری شریعہ اکیڈمی کے ذمہ ہوگی

## برائے رابطہ:


انچارج ٹریننگ پروگرام، شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، فیصل مسجد کیمپس اسلام آباد

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| فون نمبر: | 051-9260987 | ویب سائیٹ: | www.iiu.edu.pk | ایمیل ایڈریس: | ifta.course@iiu.edu.pk |

# سہ ماہی تربیتی کورس برائے مفتیان کرام

## آغاز: ۳ نومبر ۲۰۱۴

باہتمام:

شریعہ اکیڈمی

بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

اسلام کے قانونی نظام میں ادارہ افتا کا غیر معمولی کردار ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ کسی بھی اسلامی معاشرے میں مفتی کا کردار معتد بہ امور میں ریاستی اداروں سے بڑھ کر ہوتا ہے۔ عام فرد خانگی نجی امور، عائلی تنازعات اور لین دین کے عمومی مسائل سے لے کر پیچیدہ مالیاتی اور سماجی مسائل میں مفتی کی رائے کو وہ اہمیت دیتا ہے جس کا ریاستی حکام تصور بھی نہیں کر سکتے۔ آغاز اسلام سے اب تک ادارہ افتا نہایت مؤثر اور فعال کردار ادا کر رہا ہے۔

افتا سے وابستہ علمائے کرام قرآن و سنت اور فقہ پر گہری نظر رکھتے ہیں اور ان کی زندگی کا بڑا حصہ فقہ اور متعلقہ علوم کی تدریس، تحقیق و تصنیف اور افتا میں گزرتا ہے اور وہ بڑی محنت سے دینی مشاورت بہم پہنچانے کا فریضہ سرانجام دے رہے ہیں، تاہم زندگی کا ہر شعبہ بہت تیزی سے تبدیلی کی طرف رواں دواں ہے اور آج کے تیز رفتار زمانے نے نہ صرف معاشی، معاشرتی، سیاسی اور قانونی نظام کو بدل کر رکھ دیا ہے بلکہ پوری اجتماعیت کو بدل دیا ہے۔

بدلتے ہوئے حالات کے ساتھ اسلامی قانون کی تطبیق بہت نازک مسئلہ ہے اور ذمہ داری کا کام ہے۔ موجودہ دور میں معاشرتی امور میں متنوع نئی شکلیں پیدا ہوئی ہیں، سماجی قدریں بدل گئیں ہیں، جدید سیاسی نظام کی وجہ سے پیچیدہ مسائل جنم لے رہے ہیں، نئے

نئے قانونی تصورات سامنے آرہے ہیں، صنعتی اور سائنسی ترقی سے سماجی علوم کا دائرہ اس قدر وسیع ہو چکا ہے کہ کسی ایک شخص کے لیے ان تمام علوم میں مہارت ممکن نہیں رہی، بالخصوص دینی و دنیوی تعلیم کی دوئی نے علماء دین اور عصری علوم کے ماہرین کے درمیان خلیج کو وسیع کرنے میں بنیادی کردار ادا کیا ہے۔ ان حالات میں جو لوگ شریعت کو معیار ہدایت سمجھتے ہوئے تجارت، سیاست، معاشرت اور زندگی کے دوسرے شعبوں کو شریعت کے سانچے میں ڈھالنا چاہتے ہیں ان کے سامنے ایسے سینکڑوں مسائل ہیں جن کے بارے میں وہ علما اور ارباب فتوی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور رہنمائی کے طالب ہیں۔ مثلا جدید طبی مسائل جیسے جینیاتی انجنیرنگ، اعضاء کی پیوند کاری، کلوننگ، جنس جنین کا انتخاب، تبدیلی جنس، کاسمیٹک سرجری، ضبط ولادت، اسقاط حمل اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی وغیرہ۔ اسی طرح جدید تجارتی اور مالیاتی مسائل مثلا اسلامی بینکاری، اسلامی تکافل، کاروبار حصص اور درآمدات بر آمدات کے پیچیدہ مسائل مزید یہ کہ نکاح، طلاق، وراثت، نفقہ، نسب سے متعلق نئی نئی صورتیں اور عائلی قوانین میں جدید رجحانات۔ اس قسم کے جدید مسائل کا دائرہ طہارت وعبادات سے لے کر بین الاقوامی مسائل تک پھیلا ہوا ہے۔

اس بات سے بھی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ افتا کے لیے قرآن وسنت میں گہری بصیرت کے ساتھ ساتھ زندگی کے متنوع مسائل کا عملی تجربہ، لوگوں کی عادات ورواج، تعامل اور

عرف کا فہم و ادراک بھی ضروری ہے جیسا کہ فقہا کہتے ہیں: من جھل باھل زمانہ فھو جاہل۔ اس اصول کی روشنی میں کسی فقیہ یا مفتی کے لیے ممکن نہیں کہ وہ زمانے اور حالات سے خاطر خواہ واقفیت کے بغیر صرف سابقہ کتب فقہ یا فتاوی کو سامنے رکھ کر فتوی دیتے چلا جائے اور اس بات کو نظر انداز کردے کہ کون سے احکام منصوص اور قطعی ہیں اور کون سے اجتہادی احکام ہیں جو کسی زمانے کی مصلحت اور عرف پر مبنی تھے۔

فقہا کرام کی شریعت کے عمومی مصالح اور تشریع کے اغراض و مقاصد پر نگاہ ہوتی تھی، مزید یہ کہ مقاصد شریعت اور قوانین پر گرفت ہونے کے ساتھ ساتھ وہ زمانہ شناس بھی تھے، یہی وجہ ہے کہ ان اصحاب فتوی بزرگوں کا فتوی مسلم معاشرے میں قبول عام اختیار کرتا رہا اور اسلامی معاشرے میں کبھی مکمل جمود طاری نہیں ہوا۔ اس طرح ہر دور میں علما کرام مسلم معاشرے کی علمی ضروریات پورا کرتے رہے ہیں۔

نو آبادیاتی تسلط کے بعد جب سے اینگلو سیکسن قوانین کا سکہ چل رہا ہے اسلامی قانون کا دائرہ بتدریج تنگ ہوتے ہوتے عبادات اور شخصی قوانین تک محدود ہو کر رہ گیا ہے۔ کیوں کہ استعمار کے دور میں اسلامی قوانین کو معطل کر دیا گیا اور اجتماعی زندگی سے بے دخل کر دیا گیا۔ چونکہ افتا سے وابستہ علما کرام (چند جید علما کے علاوہ) کو عصری علوم و فنون پر وہ ناقدانہ بصیرت حاصل نہیں ہے جس کی بنیاد پر وہ جان سکیں کہ اس وقت ملک

و ملت کو کن جدید معاشی، عائلی، انتظامی ،سیاسی، عدالتی، قانونی اور طبی مسائل کا سامنا ہے۔ ان حالات میں ایسے محقق علما اور زمانہ شناس اصحاب بصیرت کی ضرورت ہے جو کتاب و سنت، اجماعی احکام اور سلف صالحین کی عظیم علمی ورثے کو مد نظر رکھتے ہوئے امت مسلمہ کو درپیش اجتماعی مسائل پر عالمی فقہی اداروں کے فتاوی اوراجتہادی فیصلوں سے باخبر ہونے کے ساتھ رائج الوقت قانونی اور عدالتی نظام، بالخصوص اسلامی قوانین سے متصادم قوانین سے بھی آگاہ ہوں ،اور قدیم و جدید کی بحث میں الجھے بغیر مناسب حدود میں زمانے کے تقاضوں اور شریعت کی روح کے مطابق نئے مسائل کا حل ڈھونڈ سکیں۔

اس وقت علما کے حلقوں میں اس امر کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی ہے کہ اس نوع کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لیئے گزشتہ تین چار دہائیوں میں فقہ اسلامی اوراسلامی قانون کے شعبہ میں جو غیر معمولی ترقی وتوسیع ہوئی ہے اس سے آگاہی کا مناسب انتظام کیاجائے۔

اس ضرورت کے پیش نظر شریعہ اکیڈمی نے تین ماہ کا ایک تربیتی کورس ترتیب دیاہے تاکہ افتا کے اس ادارے کو مزید موثر اور فعال بنایا جاسکے۔ دراصل یہ کورس اسلامی

معاشرے میں ادارہ افتا کے مثالی کردار کو بہتر انداز میں بحال کرنے کی ایک کاوش ہے۔ جس کے اغراض و مقاصد درج ذیل ہیں:

## اغراض و مقاصد

- اہم ملکی قوانین (فوجداری، مالیاتی، عائلی) سے متعارف کرانا
- جدید فقہی مسائل کے مطالعہ کا اہتمام کرنا
- افتاء اور اجتہاد کے معروف اداروں کی کاوشوں سے متعارف کرانا
- مختلف شعبہ جات کے ماہرین اور جید علما کے ساتھ تبادلہ خیال کے مواقع فراہم کرنا
- رائج عائلی قوانین کا تحقیقی اور تنقیدی جائزہ پیش کرنا اور جدید رجحانات سے آگاہ کرنا
- جدید مسائل پر شرکا کورس کے درمیان مذاکرے کا اہتمام کرنا اور اہم عصری مسائل پر تحقیقی مقالہ جات لکھوانا

# نصاب تدریس

- ❖ ادب المفتی
- ❖ فقہ العبادات، فقہ الاسرہ، فقہ المعاملات، فقہ طبی، فقہ الاقلیات کے شعبوں میں پیش آمدہ نئے فقہی مسائل
- ❖ ادب الاختلاف
- ❖ قواعد کلیہ
- ❖ مقاصد شریعت
- ❖ معاصر فتاوی کا مطالعہ بالخصوص عالمی فقہی اداروں کے فتاوی
- ❖ منتخب معاییر شرعیہ کا مطالعہ
- ❖ منتخب ملکی قوانین کا مطالعہ
- ❖ معاصر علماء کا علمی اور تحقیقی کام کا مطالعہ

## اہلیت

**شہادۃ العالمیۃ کے بعد کسی مستند دارالعلوم سے دو سالہ تخصص فی الافتاء کی سند کا حامل ہو یا کسی مستند دارالافتاء کے ساتھ کام کا تین سالہ تجربہ ہو۔**

## برائے رابطہ:

انچارج ٹریننگ پروگرام

شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی

فیصل مسجد کیمپس اسلام آباد

فون نمبر: 051-9260987

ویب سائیٹ: www.iiu.edu.pk

ایمیل ایڈریس: ifta.course@iiu.edu.pk

https://www.facebook.com/ShariahAcademyIIUI

# شریعہ اکیڈمی

## بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

**درخواست فارم**

## سہ ماہی تربیتی افتاء کورس برائے مفتیان کرام

۳نومبر ۲۰۱۴ء۔۲۹ جنوری ۲۰۱۵ء

۲ عدد حالیہ تصاویر

امیدوار کا نام:

والد کا نام:

شناختی کارڈ نمبر:

تعلیمی قابلیت: ۱۔

۲۔

تاریخ پیدائش: مقام پیدائش:

افتاء کا عملی تجربہ:

متعلقہ دار الافتاء / ادارے کا نام و پتہ:

متعلقہ وفاق کا نام و پتہ:

تصنیف و تالیف: (اگر ہے)

زبانوں سے واقفیت:

مستقل پتہ:

دفتر کا فون نمبر: موبائل نمبر:

ایمیل ایڈریس:

دستخط امیدوار:

**برائے دفتری استعمال**

تاریخ: رجسٹریشن نمبر:

دستخط انچارج شعبہ تربیت

نوٹ: اس فارم کی نقل / فوٹو کاپی بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔